
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 20 جون 2025

# 72% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ وہ کھانا کھانے کے دوران کبھی بھی ٹی وی نہیں دیکھتے ہیں اور نہ ہی موبائل فون کا استعمال کرتے ہیں

یہ عادت خاص طور پر دیہی علاقوں کے رہائشیوں (77% )، خواتین (75% ) اور 60 یا اس سے زائد عمر کے بزرگ افراد میں زیادہ عام ہے(84% )۔




جواب نہیں دیا:1%

برائے مہربانی بتائیں کہ آپ گھر میں کھانا پکانے کے لیے کون سے تیل کا سب سے زیادہ استعمال کرتے ہیں ؟



*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## سماجی رویے

کھانے پینے کی عادات

**72% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ وہ کھانا کھانے کے دوران کبھی بھی ٹی وی نہیں دیکھتے ہیں اور نہ ہی موبائل فون کا استعمال کرتے ہیں — یہ عادت خاص طور پر دیہی علاقوں کے رہائشیوں (77%)، خواتین (75%) اور 60 یا اس سے زائد عمر کے بزرگ افراد میں زیادہ عام ہے (84%)۔**


**(گیلپ & گیلانی سروے)**

(اسلام آباد، 20 جون 2025)

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 72% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ وہ کھانا کھانے کے دوران کبھی بھی ٹی وی نہیں دیکھتے ہیں اور نہ ہی موبائل فون کا استعمال کرتے ہیں — یہ عادت خاص طور پر دیہی علاقوں کے رہائشیوں (77%)، خواتین (75%) اور 60 یا اس سے زائد عمر کے بزرگ افراد میں زیادہ عام ہے (84%)۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کھانا کھاتے وقت کتنی باقاعدگی سے ٹی وی دیکھتے ہیں یا اِس دوران اپنے موبائل فون کا استعمال کرتے ہیں؟"**۔اس سوال کے جواب میں 6% جوابدہندگان کے مطابق وہ کھانا کھاتے وقت 'ہمیشہ' باقاعدگی سے ٹی وی دیکھتے ہیں یا اِس دوران اپنے موبائل فون کا استعمال کرتے ہیں، 6% جوابدہندگان کے مطابق 'اکثر اوقات'، 16% جوابدہندگان کے مطابق 'کبھی کبھار'، جبکہ 72% جوابدہندگان کے مطابق وہ کھانا کھاتے وقت بالکل بھی ٹی وی 'نہیں' دیکھتے ہیں یا نہ ہی اِس دوران اپنے موبائل فون کا استعمال کرتے ہیں، تاہم 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کھانا کھاتے وقت کتنی باقاعدگی سے ٹی وی دیکھتے ہیں یا اِس دوران اپنے موبائل فون کا استعمال کرتے ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 724 خواتین اور مرد حضرات سے 16th اپریل تا 30th اپریل 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**دیہی۔شہری علاقوں کے اعتبار سے:** سروے کے اعداد و شمار سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دیہی علاقوں کے جوابدہندگان کھانے کے دوران ٹی وی کم دیکھتے ہیں یا موبائل فون کا نمایاں طور پر کم استعمال کرتے ہیں، جہاں 77% افراد کا کہنا ہے کہ وہ ایسا کبھی نہیں کرتے ہیں، جبکہ شہری علاقوں میں اس حوالے سے شرح 62% پائی گئی۔اس کے برعکس، شہری علاقوں سے تعلق رکھنے والے جوابدہندگان میں کھانے کے دوران میڈیا کے استعمال کی شرح زیادہ دیکھنے میں آئی، جہاں 10% افراد کا کہنا ہے کہ وہ ہمیشہ ایسا کرتے ہیں، جبکہ دیہی علاقوں میں کھانے کے دوران ٹی وی یا موبائل فون کے ہمیشہ استعمال کے حوالے سے شرح صرف 3% پائی گئی۔





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے:** خواتین کی تھوڑی زیادہ شرح کھانے کے دوران اسکرین کے استعمال سے گریز کرتی ہیں، جس میں اُن کی 75% شرح نے بتایا کہ وہ کھانے کے دوران کبھی موبائل فون استعمال نہیں کرتی ہیں اور نہ ٹی وی دیکھتی ہیں، جبکہ مرد حضرات میں اس حوالے سے شرح 68% دیکھنے میں آئی۔ دوسری طرف، مرد کھانے کے دوران ہر سطح پر خواتین کے مقابلے میں تھوڑا زیادہ میڈیا استعمال کرتے ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**<u>عمر کے اعتبار سے:</u>** عمر کے لحاظ سے اگر نتائج کو دیکھا جائے تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ کم عمر جوابدہندگان (30 سال سے کم) کھانے کے دوران موبائل فون کا زیادہ استعمال کرتے ہیں یا زیادہ ٹی وی دیکھتے ہیں، جن میں نوجوانوں کی 38% شرح نے بتایا کہ وہ ایسا کرتے ہیں۔اس کے برعکس، بڑی عمر کے افراد، خاص طور پر 60 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد کھانے کے دوران ٹی وی یا موبائل فون کو استعمال نہ کرنے کو سب سے زیادہ ترجیح دیتے ہیں، جن میں 84% کا کہنا ہے کہ وہ ٹی وی یا موبائل فون کا استعمال نہیں کرتے ہیں۔ان نتائج سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ عمر کے ساتھ کھانے کے دوران اسکرین کا استعمال کم ہوتا جاتا ہے، جو نئی اور پرانی نسل کے درمیان ڈیجیٹل یعنی اسکرین کے استعمال اور کھانے کے آداب کے فرق کو ظاہر کرتا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

**_Opinion Poll from Gallup Pakistan_**

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 20th June 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)